
چپ کے فائدے
خدیجہ توصیف
Pdf available at
www novelsclubb com
FB INSTA
novelsclubb

# السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

# چپ کے فائدے

از

خدیجہ توصیف

www.novelsclubb.com

وحشت جسم سے بڑھ کر ہے وحشت قلب

دل جس کی سنتا ہے وہ بولتا ہی نہیں

ہمارے ہاں ایک اسکالر تھے کہتے تھے۔

"جب بندا چپ ہو جاتا ہے تو قدرت بولتی ہے"

قدرت سکھاتی ہے۔

قدرت سمجھاتی ہے۔

www.novelsclubb.com

ہمارے ہاں المیہ ہے ہم چپ نہیں رہ سکتے کوئی شخص ہمارے ہاں کوئی مسلہ لے کر آئے۔

یار مجھے بخار ہو گیا تھا ہم بولینگے ارے ارے مجھے تو کینسر ہوا تھا اس سے صحتیاب ہو گیا کیا بات کرتے ہو مطلب اب غم اور تکلیف میں بھی ہمارا مقابلہ ہو گا۔ ہم چپ کیوں نہیں رہ سکتے۔

جب انسان چپ ہو جاتا ہے تو ہر چیز اس کے قریب کی بولنا شروع ہو جاتی ہے۔

چپ کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کے فرشتے لکھ کچھ نہیں سکتے۔

ذرا نظر اٹھا کر پیچھے زندگی میں دیکھیں جہاں کہیں بھی نقصان اٹھایا ہو گا اسکے پیچھے کہیں نہ کہیں الفاظ ضرور ہونگے۔اور جب بھی چپ رہے ہیں نہ تو اسکا کوئی نہ کوئی فائدہ ضرور ہوا ہو گا نقصان نہیں ہوا ہو گا۔

کسی پر غصّہ آئے چپ ہو جائیں۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کسی پر تنقید کرنے کا دل کرے چپ ہو جائیں-

کسی کو بد دعا دینے کا دل کرے چپ ہو جائیں-

اس دنیا میں جہاں ہر شخص بول رہا ہے وہاں چپ رہنا فائدے مند ہے-

جب آپ بول رہے ہوتے ہیں نہ تو آپ سن نہیں پاتے-جب ہم سنتے نہیں ہیں تو ہم وہ کرتے ہیں جو کرنے کے لئے ہم بنے ہی نہیں ہیں-

جب حضرت مریم کے ہاں حضرت عیسیٰؑ کی ولادت ہوئی تو انہیں کچھ نہ بولنے کا حکم دیا گیا جب وہ چپ رہیں تو انسانی تاریخ کا سب سے عظیم معجزہ ہوا ایک نومولود بچا بولا تھا-

www.novelsclubb.com

"کہ میری ماں پاک عورتوں میں سے ہیں"

کوئی آپ کے کردار پر حملہ کرے تو چپ ہو جائیں-

حضرت محمدؐ کو بھی کفار مکہ جادو گر بولتے تھے کہتے تھے ساحر قران کے الفاظ ہیں_

ہمارے حضور کہتے تھے میرا سینہ جلتا ہے۔ لیکن وہ چپ رہے کون چپ رہا جو چاہتا تو اسی وقت مکہ کا نام بھی نہ رہتا نہ زمین پر نہ تاریخ میں...

اللہ نے سورۃ الضحی میں فرمایا_

نہ تو تمھارے رب نے تمھیں چھوڑا ہے اور نہ وہ تم سے ناراض ہے--اور عنقریب تمہارا رب تمھیں اتنا دیگا تم خوش ہو جاؤ گے۔

حضور پاک کو جب مکہ چھوڑنے کا حکم ملا تب آپ خاموش رہے جب کہ آپ کو مکہ سے ایسی محبّت تھی کہ جاتے ہوئے آپ (درود پڑھ لیں) نے بولا تھا

"مکہ میں تجھے کبھی نہ چھوڑتا اگر یہاں کے لوگ زندگی تنگ نہ کرتے"

پھر کیا

پھر اللہ نے کچھ ہی سالوں میں آپ کو وہاں فتح مکہ نصیب کی--

صفا مروہ میں جب حضرت ہاجرہ کو تنہا چھوڑ دیا گیا تھا-تب کیا ہوا تھا آب زم زم کا چشمہ پھوٹا تھا-

صفا مروہ ایک عورت کے صبر کی کہانی ہے جب آپ کو تن تنہا تپتے صحرا میں چھوڑ دیا جائے-اور آپ خاموش رہیں اس آس پر کے اللہ آپ کو ضائع نہیں کریگا تو معجزہ تو ہو گا ہی-

زندگی میں ہم پر کتنے وقت گزرتے ہیں ہمارا دل کرتا ہے ہم چیخیں اتنا چیخیں کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے ہماری ایک پکار سے ہل جائے-


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

لیکن معلوم ہے ہماری وہ سسکی ہمارا وہ آنسوں جو ہم خاموشی سے چھپا لیتے ہیں اللہ کو کتنا پسند ہے- حیرت کی بات ہے فرات اور نیل جسے عظیم دریا بنانے والے کو ہمارے ایک آنسوں سے پیار ہے-

ہمیں کس سے پیار ہے-

ہم بس انتظار میں ہوتے ہیں کوئی کچھ کرے اور ہم اسکو وہ کچھ بولیں کہ وہ کئی راتیں سو نہ سکیں-

سچ بتاوں نیندوں میں سوراخ ہو جانے سے عجیب کوئی عذاب نہیں آپ کروٹ بدلیں اور آپ کو یاد آجائے آپ نے کسی کے کردار پر حملہ کیا تھا کسی کی پر سکون زندگی میں اپنی موجودگی سے طوفان اکٹھے کیے تھے-

www.novelsclubb.com

اب آتے ہیں اس پر چپ کیسے رہا جائے- یہ ایک آسان عمل نہیں ہے ان کے لیہ تو بلکل بھی نہیں جو چپ رہنا جانتے ہی نہ ہوں- ہمارے یہاں کہتے تھے- بہت بولتے ہوں نہ ایک دن لگ جائے گی چپ جس دن سمجھ آئیگا یہ دنیا دھوکہ ہے-

پتا ہے ہمیں کب چلتا ہے پتا یہ دنیا دھوکہ ہے جب ہماری سبسے پیاری چیز ہماری مٹھی سے سخت گرفت کے باوجود بھی گر جائے اور ڈھونڈنے پہ بھی نہ ملے- جب صبر اتنا تکلیف دہ ہو جائے رونا چاہیں رو یا نہ جائے جب تنگی اتنی ہو کے دل کی دھڑکن صاف سنائی دے جب آپ اپنا عکس دیکھیں اور دیکھ نہ سکیں جب آپ اپنے قریب کے لوگوں سے نظریں نہ ملا سکیں- انسان پر بھی کیسے کیسے دن گزرتے ہیں نہ-

www.novelsclubb.com

ایک اور حساب سے دیکھیں بولنا ایک لذّت ہے- ہمیں اچھا لگتا ہے نہ جب ہم کسی کو کوئی بات سناتے ہیں تو لذّت تو بہت بری چیز ہے کسی نے کہا تھا" اگر کبھی کچھ

چھوڑنا چاہو اور نہ چھوڑ سکو تو دل میں اس سے نفرت کرنے لگ جاؤ "آہستہ آہستہ وہ چیز ساتھ چھوڑ دیگی-

آپ دل میں کہیں بولنا اچھی عادت نہیں ہے ملیگا کیا بول کر شاید چپ رہ کر کچھ مل جائے

ویسے بھی اللہ کے پاس پہنچنے کا راستہ کیا ہے

"پہلا قدم نفس پر دوسرا اللہ کے صحن میں"

چپ رہنا سیکھیں آپ کے ارد گرد سب کچھ بولیگا- پھر جو آپ کہتے ہیں نہ آپ کو علم نہیں ملتا قدرت سیکھا دیگی سب منجے ہوئے شاگرد بن جاینگے....

خدیجہ توصیف

www.novelsclubb.com